کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنماؤں مری قبیلے کے سربراہ اور رکن صوبائی اسمبلی نواب جنگیز مری اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر میر دوستین خان ڈومکی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں موجودہ حکومت سازی کے موقع پر پاکستان مسلم لیگ (ن) اور پاکستان پیپلز پارٹی کے درمیان ڈھائی ڈھائی سال کا معاہدہ طے پایا [illegible] تحت ہماری جماعت مخلوط صوبائی حکومت کا حصہ بنی بلوچستان کا مسئلہ روز بروز شدت اختیار کر رہا ہے جس کا واحد حل بات چیت اور مذاکرات میں ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے اقتدار میں آنے سے بلوچستان میں امن وامان کا مسئلہ شدت اختیار کر گیا ہے اب بھی سنجیدگی کا مظاہرہ کر کے معاملات کو بہتر بنایا جا سکتا ہے فیلڈ مارشل حافظ عاصم منیر کا بلوچستان میں قیام امن اور صوبے کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کا وژن قابل تعریف ہے جبکہ صوبائی حکومت ان کی کاوشوں پر پانی پھیر رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز کوئٹہ میں ڈومکی ہاؤس میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما مشیر ایکسائز و ٹیکسیشن حاجی محمد خان لہڑی بھی موجود تھے۔ اس موقع پر نواب جنگیز مری نے کہا کہ ہم نے حالیہ دنوں میں وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف سے ملاقات کی جس میں انہیں صوبے کی سیاسی صورتحال سمیت دیگر معاملات سے تفصیلاً آگاہ کیا یہ ملاقات اطمینان بخش رہی جس میں وزیر اعظم نے ہماری باتیں نہ صرف غور سے سنیں بلکہ اس سلسلے میں مؤثر پیشرفت کا بھی یقین دلایا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے مسئلے کا حل نکلنا چاہئے کیونکہ اس کی وجہ سے صوبے کے حالات روز بروز بگڑتے جا رہے ہیں امن وامان کی صورتحال کے باعث عوام میں تشویش پائی جاتی ہے عوام کو تحفظ فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہونی چاہئے اس مسئلے کا حل نکالنے کے لئے بات چیت کا راستہ اختیار کرنا چاہئے جب تک بات چیت یا مذاکرات نہیں ہوں گے مسائل کا حل ممکن نہیں اس سلسلے میں پاک فوج کے سربراہ فیلڈ مارشل عاصم منیر بلوچستان کی بہتری اور عوام کے مسائل کے حل کیلئے سنجیدگی قابل ستائش ہے لیکن صوبائی حکومت ان کی کاوشوں کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کی بجائے کرپشن، اقربا پروری نوکریوں اور فنڈز کی بندر بانٹ میں مصروف ہے اور صوبے کی بگڑتی ہوئی صورتحال کی بہتری پر کوئی توجہ نہیں دی جا رہی۔ انہوں نے بلوچستان میں حکومت سازی کیلئے ڈھائی ڈھائی سال کے معاہدے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعظم سے ہونے والی ملاقات میں انہوں نے برملا اس معاہدے کا ذکر کیا ہے اور مدت پوری ہونے کے بعد اس پر عمل درآمد کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ اس معاہدے کے تحت پارٹی میں شامل ہو کر وزارتوں کے مزے لینے والے پیپلز پارٹی کے ساتھ مل کر بہتی گنگا میں ہاتھ دھو رہے ہیں اس وقت بلوچستان جل رہا ہے کاروبار ٹھپ ہو کر رہ گئے ہیں ٹرین سروس اور رات کو پبلک سمیت گڈز ٹرانسپورٹ بند ہے لوگ مشکلات سے دوچار ہیں ان کی داد رسی کرنے کے لئے کوئی اقدام نہیں اٹھایا جا رہا ہے اس لئے ہماری وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف اور بلاول بھٹو زرداری سے بلوچستان میں ان ہاؤس تبدیلی کی استدعا ہے تاکہ حالات کو بہتر بنایا جا سکے انہوں نے کہا کہ مذاکرات بات چیت ہی مسائل کا واحد حل ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی وفاق میں ہماری جماعت کی اتحادی ہے ان کے تحفظات کے لئے ایک ماہ کا وقت طے پایا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ صوبے میں امن کیلئے مذاکرات کا راستہ اختیار کیا جائے جہاں آپریشن کی ضرورت ہو وہاں کیا جائے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے بتایا کہ ادارے اپنا کام کر رہے ہیں لیکن حکومت اپنا کام نہیں کر رہی اسے سنجیدگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے حالات کی نزاکت کو سمجھ کر اس میں بہتری لانے کیلئے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا تاکہ بلوچستان کو امن کا گہوارہ بنا کر ترقی کی راہ پر گامزن کیا جا سکے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 23 OCT 2025 Page No. 15


## والبندین اور باجوڑ میں سیکیورٹی فورسز کی فتنہ الہندوستان کے خلاف کارروائی 7 دہشتگرد ہلاک

**والبندین میں دہشتگرد پہاڑی غار میں پناہ لیے ہوئے تھے، فضائی نگرانی کے ذریعے موزوں وقت پر ٹھکانے کو موثر طریقے سے نشانہ بنایا گیا**

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) دالبندین باجوڑ میں فتنہ الہندوستان کے خلاف فورسز کی کارروئیاں 7 دہشت گرد ہلاک سیکورٹی فورسز پہاڑی غار اور جنگل میں دہشت گردوں کی پناہ گاہیں ختم کردیں، بھاری اسلحہ، مواصلاتی آلات برآمد، سیکورٹی ذرائع دہشت گردی کے خاتمے تک فورسز کے سیکورٹی اقدامات جاری رہیں گے، ذرائع۔ تفصیلات کے مطابق، بلوچستان کے علاقے دالبندین میں فتنہ الہندوستان کے خلاف سیکورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی میں 6 دہشت گرد مارے گئے۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق دالبندین، بلوچستان میں سیکورٹی فورسز نے ایک کامیاب کارروائی میں فتنہ الہندوستان کی تشکیل کا قلع قمع کردیا، صوبے میں دہشتگردی کے خاتمے اور امن و امان کے قیام کیلئے سیکورٹی فورسز کی موثر کارروائیاں جاری ہیں، بروقت اور موثر کارروائی کے نتیجے میں 6 دہشت گرد جہنم واصل ہوگئے۔ ذرائع نے بتایا کہ دہشت گرد پہاڑی غار میں پناہ لیے ہوئے تھے، جن پر فضائی نگرانی کے ذریعے مسلسل نظر رکھی گئی، سیکورٹی فورسز کی جانب سے موزوں وقت پر ٹھکانے کو موثر طریقے سے نشانہ بنایا گیا۔ سیکورٹی ذرائع کا مزید کہنا تھا کہ یہ اہم کامیابی سیکورٹی فورسز اور خفیہ اداروں کی بہترین ہم آہنگی اور موثر رابطے کا نتیجہ ہے، بلوچستان میں دہشتگردی کے خاتمے تک فورسز کی جانب سے سیکورٹی اقدامات جاری رہیں گے۔ علاوہ ازیں سیکورٹی فورسز کی باجوڑ کے علاقے میں خوارج کیخلاف ایک اور کامیاب کارروائی کی گئی، سیکورٹی فورسز نے شاہی تنگی جنگل میں موجود خوارج کے ٹھکانوں اور سرنگوں کا مکمل طور پر صفایا کردیا۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر شاہی تنگی کے جنگل میں موجود ایک غار پر گھات لگاکر سیکورٹی فورسز نے بھرپور کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران خوارج اور فورسز کے درمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ بھی ہوا، فائرنگ کے نتیجے میں ایک خارجی ہلاک ہوگیا جبکہ دیگر زخمی خوارجی علاقے سے فرار ہوگئے۔ سیکورٹی فورسز نے علاقے میں موجود سرنگوں اور قریبی مقامات کو بھی کلیئر کردیا۔ کارروائی کے دوران خوارج کے زیر استعمال اسلحہ، بارودی مواد اور مواصلاتی آلات بھی برآمد کرلیے گئے۔ پاک فوج اور سیکورٹی ادارے ملک سے دہشتگردی کے ناسور کو ختم کرنے کیلئے پرعزم ہیں۔

## نوشکی: نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 2 پولیس اہلکار شہید

**عبدالرزاق اور عبیداللہ موٹرسائیکل پر ڈسٹرکٹ جیل جارہے تھے، خیصار نالہ میں مسلح افراد نے نشانہ بنایا**

نوشکی (نامہ نگار) غریب آباد کے پاس خیصار نالہ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے دو پولیس اہلکار شہید ہوگئے پولیس کے مطابق عبدالرزاق مینگل اور عبیداللہ موٹرسائیکل پر اپنی ڈیوٹی کے سلسلے میں ڈسٹرکٹ جیل جارہے تھے خیصار نالہ میں 2 موٹرسائیکل سواروں نے فائرنگ کردی جس سے دونوں اہلکار شہید ہوگئے، میر گل خان نصیر ٹیچنگ ہسپتال میں ضروری کارروائی کے بعد لاشیں ورثا کے حوالے کردی گئیں، ملزمان موقع واردات سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے سیکورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا۔

## اوتھل، کار سے 25 کلو چاندی برآمد

**دو ملزمان گرفتار، اسمگلنگ ناکام**

بیلہ (نامہ نگار) اوتھل پولیس نے چاندی کی اسمگلنگ ناکام بنادی، دو ملزمان گرفتار، کار اور برآمدہ مال کسٹم حکام کے حوالے تفصیلات کے مطابق بدھ کے روز ڈی ایس پی حاصل خان گبرانی کی زیر نگرانی ایس ایچ او اوتھل جان محمد جاموٹ نے اپنے پولیس اہلکاروں کے ہمراہ قومی شاہراہ این 25 کی زیرو پوائنٹ چیک پوسٹ کے قریب ایک ٹویوٹا کورولا کار کے خفیہ خانوں سے پچیس کلو گرام چاندی برآمد کر کے ملزمان عبدالرزاق رخشانی اور شاہ ولی خلجی ساکنان کوئٹہ کو گرفتار کرلیا برآمد شدہ چاندی کی مارکیٹ میں مالیت ڈیڑھ کروڑ روپے سے زائد بتائی جاتی ہے پولیس کے مطابق کار کوئٹہ سے کراچی جارہی تھی۔

## دشت، چیک پوسٹ کی تعمیر میں مصروف 8 مزدور اغوا

**ایک کو چھوڑ دیا**

**چار مزدوروں کا تعلق سندھ سے ہے، تین کی شناخت نہ ہوسکی، سیکورٹی فورسز نے سرچ آپریشن شروع کردیا**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ضلع مستونگ کے علاقے دشت سیاہ پشت میں مسلح افراد نے 8 مزدوروں کو اغوا کرلیا کچھ فاصلے پر ایک کو چھوڑ دیا۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق دشت کے علاقے سیاہ پشت میں مزدور چیک پوسٹ کی تعمیر میں مصروف تھے کہ اسی دوران درجنوں مسلح افراد نے آٹھ مزدوروں کو اغوا کرکے لے گئے ایک کو کچھ فاصلے پر چھوڑ دیا اطلاع ملنے پر سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری نے علاقے کو گھیرے میں لے کر مزدوروں کی بازیابی کے لئے سرچ آپریشن شروع کردیا سیکورٹی ذرائع نے بتایا کہ اغوا ہونے والے چار مزدوروں عطا محمد علی نواز، نظر، حیدر اور یاسین کا تعلق سندھ سے ہے جبکہ تین مزدوروں کی شناخت نہیں ہوسکی۔


INTEKHAB QUETTA


## کوئٹہ: موٹرسائیکل چھیننے والا گروہ کا سرغنہ ساتھی سمیت گرفتار

**4 مسروقہ موٹرسائیکلیں برآمد، دیگر ارکان کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جارہے ہیں: ڈی ایس پی آصف غفور**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سریاب پولیس نے موٹرسائیکل چھیننے والے گروہ کے سرغنہ کو ساتھی سمیت گرفتار کرکے چار مسروقہ موٹرسائیکل برآمد کرلیں گرفتار ملزمان کا درجنوں موٹرسائیکلیں چھیننے اور چوری کرنے کا اعتراف دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جارہے ہیں پولیس


بقیہ نمبر 57 صفحہ 5 پر


کے مطابق ڈی ایس پی سریاب سرکل آصف غفور کو خفیہ اطلاع ملی کہ موٹرسائیکل چھیننے والے گروہ کا سرغنہ نصیب اللہ اپنے ساتھی زعفران کے ہمراہ سریاب کے علاقے شادی چوک کے قریب موجود ہے۔ جس پر ایس ایچ او سریاب تنویر باجوہ اور دیگر عملے کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے دونوں ملزمان کو گرفتار کرلیا پولیس نے بتایا کہ ملزمان کی نشاندہی پر ایک گھر سے چھینی گئی چار موٹرسائیکلیں بھی برآمد کرلیں ابتدائی تفتیش میں ملزمان نے سریاب روڈ اور شہر کے مختلف علاقوں سے درجنوں موٹرسائیکلیں چھیننے اور چوری کرنے کا اعتراف کرتے ہوئے اپنے دیگر ساتھیوں کی بھی نشاندہی کی جن کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جارہے ہیں۔


CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 23 OCT 2025 Page No. 16


## سریاب فلائی اوور کی اسٹریٹ لائٹس غیر فعال، لوگوں کو دشواری کا سامنا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سریاب فلائی اوور کی اسٹریٹ لائٹس غیر فعال، لوگوں کو آمدورفت میں دشواری کا سامنا، تفصیلات کے مطابق سریاب فلائی اوور کی اسٹریٹ لائٹس بدستور غیر فعال ہیں، جس کی وجہ سے سرشام ہی اندھیرا چھا جاتا ہے اور لوگوں کو آمدورفت میں دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے جبکہ متعدد مرتبہ تاریکی کے باعث حادثات بھی رونما ہو چکے ہیں عوامی وسماجی حلقوں کا کہنا ہے کہ سریاب فلائی اوور کی اسٹریٹ لائٹس طویل عرصہ سے غیر فعال ہیں جس کی جانب متعدد مرتبہ متعلقہ حکام کی توجہ مبذول کرا چکے ہیں لیکن تاحال اسٹریٹ لائٹس فعال نہیں ہوسکیں انہوں نے مطالبہ کیا کہ سریاب فلائی اوور کی اسٹریٹ لائٹس فوراً فعال کی جائیں تاکہ لوگوں کو آمدورفت میں دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔


MASHRIQ QUETTA


## جان محمد روڈ ملحقہ علاقوں کے مکینوں کو گیس پریشر کی کمی کا سامنا

### گیس کمپنی انتظامیہ سردی کی شدت میں اضافہ ہوتے ہی گیس پریشر کم کردیتی ہے، علاقہ مکین

عوامی مشکلات کا نوٹس لیتے ہوئے گیس پریشر بحال کروایا جائے، سالار خان، سید نجیب آغا، محمد اسحاق مینگل، کی سروے ٹیم سے بات چیت

کوئٹہ (اریار پورٹر) کوئٹہ میں سردی کی شدت میں اضافہ کیساتھ ہی گیس پریشر میں کمی کے شکایات بڑھ گئے، جان محمد روڈ، گیلانی روڈ، شیٹویٹ روڈ، فقیر محمد روڈ ودیگر کے مکین سالار خان، سید نجیب آغا، محمد اسحاق مینگل، شازیب مینگل، کفایت قلندرانی، فلک نور سلیمان خیل ودیگر نے بتایا ہے کہ سوئی سدرن گیس کمپنی انتظامیہ سردی کی شدت میں اضافہ ہوتے ہی گیس پریشر کم کردیتی ہے، جس کی وجہ سے شہری ذہنی اذیت میں مبتلا ہیں حکام۔ بالا نوٹس لیکر کارروائی عمل میں لائی جائے، انہوں نے بتایا کہ کوئٹہ میں سردی کی معمولی سی جھلک کے بعد سوئی سدرن گیس کمپنی حکام کے بڑے بڑے دعوے محض اخبار کی زینت بن گئے جبکہ ان کے صارفین کوئٹہ شہر کے ہر گلی اور محلے میں شکوہ کر رہے ہیں صارفین نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان سے سنگین نوعیت کے اس اہم۔ مسئلہ پر نوٹس لینے کی اپیل کی ہے، اس کے علاوہ گھروں میں بزرگ، خواتین و بچوں کے علاوہ بیمار لوگ سردی۔ کی شدت سے ٹھٹھر رہے ہیں متعلقہ بالا علاقوں میں سب سے زیادہ سردی ہوتی ہے انہوں نے بتایا گیس کو تواتر اور مناسب طریقے سے تمام علاقوں میں برابری کی بنیاد پر فراہم کی جائے اگر گیس فراہم نہ کیا گیا تو یہاں کے مکین سخت احتجاج کرینگے۔

## بی ڈی اے نیولی ریگولر ملازمین تنخواہوں سے محروم

### درجہ چہارم مزدوروں کے گھرانے اور بچے فاقہ کشی سے دوچار ہوگئے

تنخواہیں فوری ادا نہ کی گئیں تو فیڈریشن احتجاج کی کال دیگی، خان زمان

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) محکمہ بلوچستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی (بی ڈی اے) کے نیولی ریگولر ملازمین رواں ماہ کی 22 تاریخ گزرنے کے باوجود تنخواہوں سے محروم، محکمہ کی نااہلی اور محکمہ فنانس کی غلط حکمت عملی کے باعث سینکڑوں خاندان فاقہ کشی پر مجبور ہوگئے، غریب درجہ چہارم کے مزدوروں کے بچے اور خاندان کے افراد مشکلات سے دوچار ہوگئے۔ تفصیلات ......... 


بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر


کے مطابق محکمہ بی ڈی اے کے ملازمین کو تاحال ادارے کی جانب سے تنخواہوں کی ادائیگی نہیں کی گئی ہے جبکہ اسی ادارے میں دیگر ملازمین کو تنخواہیں فراہم کردی گئیں۔ جبکہ نیولی ریگولر ملازمین کو رواں تاحال تنخواہیں ادا نہیں کی جاسکی ہیں جسکی وجہ ایک جانب ملازمین کی پریشانی میں اضافہ ہوا ہے تو دوسری جانب بی ڈی اے کے غریب ملازمین کے بچے بنیادی سہولیات اور خوراک سے محروم ہوگئے ہیں دریں اثناء بلوچستان لیبر فیڈریشن کے صدر خان زمان سینئر نائب صدر حاجی عبدالعزیز شاہوانی وعابد بٹ نے بی ڈی اے ملازمین کو تنخواہوں کی عدم فراہمی کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے بنیادی انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی قرار دیا ہے انہوں نے چیئرمین بی ڈی اے اور محکمہ فنانس سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر غریب ملازمین کو تنخواہوں کی ادائیگی کی جائے بصورت دیگر بلوچستان لیبر فیڈریشن احتجاج کی کال دے گی۔


CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 7 Dated: 23 OCT 2025 Page No. 17

## صوبائی دارالحکومت کوئٹہ ترقیاتی منصوبے سست روی کا شکار

یہ بات حقیقت پر مبنی ہے کہ ہمارے ہاں جب بھی ترقیاتی منصوبے شروع ہوتے ہیں بدقسمتی سے وہ مقررہ وقت پر مکمل نہیں ہو پاتے۔ یہ ہمیشہ سست روی اور مبینہ طور پر غفلت کا شکار اور ان میں کرپشن کی شکایات بھی آتی رہی ہیں۔ ان منصوبوں کی تکمیل میں تاخیر سے اکثر ان پر آنے والی لاگت بھی بڑھ جاتی ہے جو کہ یقیناً مالی نقصان ہے۔ ان کی سب سے بڑی وجہ ان منصوبوں پر چیک اینڈ بیلنس کے نظام کا نہ ہونا ہے جس کے باعث متعلقہ ادارے اور ان میں کام کرنے والے اہلکار اپنی مرضی سے کام کرواتے ہیں۔

عوامی حلقوں میں اس سلسلے میں بہت زیادہ تشویش پائی جا رہی ہے انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب کاکڑ اور دیگر اعلیٰ حکام سے ایسے معاملات کا نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ ترقیاتی منصوبے سست روی کا شکار ہیں۔ جس کے باعث شہریوں کی زندگی اجیرن ہوگئی ہے۔ شہر کے بیشتر علاقوں میں کھدائی، ادھورے منصوبے اور ناقص انتظامی کارکردگی کے باعث عوام شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ حکومتی ادارے اور متعلقہ محکمے مکمل طور پر مبینہ غفلت کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ ترقیاتی منصوبے عوامی سہولت کی بجائے اذیت کا سبب بن رہے ہیں۔ اگر صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کا یہ حال ہے تو پھر دور دراز علاقوں کا کیا حال ہوگا؟۔ اگر حکومت بلوچستان نے جلد موثر اقدامات نہ کیے تو کوئٹہ ایک ترقی یافتہ شہر کے بجائے کھنڈرات کا منظر پیش کرے گا۔

ہم سمجھتے ہیں کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں ترقیاتی منصوبوں کا سست روی کا شکار ہونا قابل تشویش بات ہے۔ اس سے عوام کو سہولت ملنے کی بجائے زحمت کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ اس روایت کو جتنا جلدی ممکن ہو ختم کرنے کے لیے اقدامات کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ شہر میں اب ایسے منصوبے بھی نامکمل ہیں جو گزشتہ حکومتوں نے شروع کیے تھے۔ اس کے ساتھ نئے منصوبوں پر بھی سست روی سے کام ہو رہا ہے۔ ان میں شہر کی اہم سڑکوں کی کشادگی کے منصوبے بھی شامل ہیں۔ یہ منصوبے بلاشبہ بڑی اہمیت کے حامل اور عوام کے بہترین مفاد میں ہیں۔ ان کے مکمل ہونے سے ٹریفک جیسے اہم مسئلہ کافی حد تک حل ہوسکتا ہے۔ کیونکہ اس وقت ایک بہت بڑا مسئلہ ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 7

Dated: 23 OCT 2025 Page No. 18

# بلوچستان حکومت کا پبلک ٹرانسپورٹ کی بہتری اور عوام کیلئے جدید بسوں کا تحفہ قابل ستائش اقدام!

بلوچستان حکومت کی جانب سے پبلک ٹرانسپورٹ سسٹم کو بہتر بنانے کے لیے چین سے 81 کروڑ روپے کی لاگت سے خریدی گئی 21 جدید بسیں کراچی بندرگاہ پر پہنچ گئی ہیں۔ بسیں بلوچستان کے مختلف شہروں میں پبلک ٹرانسپورٹ کی سہولیات کو مزید مؤثر بنانے کے لیے استعمال کی جائیں گی جس سے صوبے کے عوام کو سفر کی بہتر سہولیات میسر آئیں گی۔ کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہ زیب خان کاکڑ کے مطابق یہ بسیں چین کی ایک معروف کمپنی سے حاصل کی گئی ہیں اور ان کی خریداری کا معاہدہ چند ماہ قبل طے پایا تھا۔ بسیں جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ ہیں، جن میں ایئر کنڈیشنڈ سسٹم، آرام دہ سیٹیں، سیکورٹی کیمرے اور ماحول دوست انجن شامل ہیں۔ ہر بس کی اوسط لاگت تقریباً 3.85 کروڑ روپے ہے، جو مجموعی طور پر 81 کروڑ روپے بنتی ہے اور یہ خریداری بلوچستان حکومت کی جانب سے ٹرانسپورٹ سیکٹر میں سرمایہ کاری کا حصہ ہے جس کا مقصد صوبے کے دور دراز علاقوں کو مرکزی شہروں سے جوڑنا ہے۔ محکمہ ٹرانسپورٹ کے سینئر افسر علی درانی نے بتایا کہ بسیں کراچی سے کوئٹہ اور دیگر اضلاع تک منتقل کی جائیں گی جہاں انہیں سرکاری ٹرانسپورٹ سروسز میں شامل کیا جائے گا، یہ بسیں نہ صرف مسافروں کی تعداد میں اضافہ کریں گی بلکہ سڑکوں پر ٹریفک کی بھیڑ کو کم کرنے میں مددگار ثابت ہوں گی، خاص طور پر بلوچستان کے دیہی علاقوں میں جہاں ٹرانسپورٹ کی کمی ہے یہ ایک اہم قدم ہے۔ حکومت کی جانب سے مزید بسیں خریدنے کا منصوبہ بھی زیر غور ہے تاکہ صوبے بھر میں عوامی ٹرانسپورٹ کو مزید وسعت دی جاسکے، یہ بسیں چین سے سمندری راستے سے پاکستان پہنچی ہیں اور کسٹم کلیئرنس کے بعد انہیں بلوچستان منتقل کیا جائے گا۔ حکومت بلوچستان کی جانب سے شہریوں کیلئے سستی، آسان اور آرام دہ سفری سہولیات کی فراہمی کیلئے بہترین اقدامات اٹھائے جارہے ہیں جس سے کوئٹہ سمیت اندرون بلوچستان بڑے شہروں میں پبلک ٹرانسپورٹ کی وجہ سے عوام کو درپیش مسائل حل ہونے کے ساتھ مقامی خاص کر چھوٹے تاجر اس سے مستفید ہونگے۔ بلوچستان بڑا صوبہ ہے ایک شہر سے دوسرے شہر و اضلاع کیلئے پبلک ٹرانسپورٹ کا خاص بندوبست نہیں مگر اب شہروں میں نئی جدید بسیں چلنے سے ملازمین، اسٹوڈنٹس سمیت ہر طبقہ اس سے مستفید ہوگا۔ حکومت بلوچستان کی جانب سے عوام کیلئے جدید بسیں فراہم کرنا، پبلک ٹرانسپورٹ میں بہتری لانا بڑا تحفہ ہے۔

CS CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Zamana Quetta

Bullet No. 7

Dated: 23 OCT 2025 Page No. 19


# عزم دفاع اور ملکی سلامتی

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے گزشتہ روز جی ایچ کیو میں 17 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ "ملکی سالمیت کی کسی بھی قسم کی 'براہ راست یا بالواسطہ' خلاف ورزی کا بھرپور اور فیصلہ کن جواب دیا جائے گا اور شہریوں کی جان و مال کا تحفظ بہر صورت یقینی بنایا جائے گا"۔ عسکری قیادت کی طرف سے یہ ایک واضح اور غیر مبہم پیغام ہے۔ یہ الفاظ محض تقریر کا حصہ نہیں بلکہ ایک قومی منشور ہیں جو موجودہ جغرافیائی سیاسی حالات میں پاکستان کی سرحدوں کی حفاظت اور اندرونی استحکام کی ضمانت دیتے ہیں۔ فیلڈ مارشل کا یہ خطاب بلوچستان کی اہمیت کو بھی اجاگر کرتا ہے، جہاں انہوں نے صوبے کو "پاکستان کا فخر" قرار دیا اور اس کی سرزمین پر موجود وسائل کو عوام کی فلاح کے لیے استعمال کرنے کی تاکید کی۔ پاکستان کی سالمیت کا تصور محض جغرافیائی حدود تک محدود نہیں بلکہ اس کی ثقافتی، معاشی اور سماجی ساخت کا مجموعہ ہے۔ 1947 میں قائم ہونے والا یہ ملک، جو برصغیر کی تقسیم کا نتیجہ تھا، ابتدا سے ہی بیرونی اور اندرونی خطرات کا شکار رہا ہے۔ مشرقی سرحد پر بھارت کی جارحانہ پالیسیاں اور مغربی سرحد پر افغانستان کے عدم استحکام کی لہریں، پاکستان کی سالمیت کو مسلسل چیلنج کرتی رہی ہیں۔ بلوچستان، جو پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے، اس کی سالمیت کا ایک کلیدی ستون ہے۔ یہ سرزمین نہ صرف قدرتی وسائل جیسے گیس، کوئلہ اور معدنیات سے مالا مال ہے بلکہ اس کی سٹریٹجک پوزیشن گوادر پورٹ اور سی پیک (چائنا پاکستان اکنامک کوریڈور) کی وجہ سے عالمی تجارت کا مرکز بن سکتی ہے۔ تاہم، اس کی سالمیت کو لاحق خطرات کی فہرست لمبی ہے۔ ان میں بیرونی مداخلت شامل ہے، بھارت بلوچ علیحدگی پسندوں کو سپورٹ کرتا ہے۔ دوسری طرف اندرونی طور پر، معاشی عدم مساوات اور تعلیم کی کمی نے ایسے عناصر کو جنم دیا ہے جو بیرونی طاقتوں کے آلہ کار بن جاتے ہیں۔

ہائبرڈ وار کا مطلب روایتی جنگیں نہیں بلکہ پروپیگنڈا، سائبر حملے، معاشی دباؤ اور پراکسی دہشت گردی کا امتزاج ہے، جو کسی ملک کو اندر سے کمزور کرتا ہے۔ پاکستان کی مشرقی سرحد پر لائن آف کنٹرول پر کشیدگی ہمیشہ سے رہی ہے، مگر 2019 کے بالاکوٹ ایئر سٹرائیک کے بعد بھارت نے اپنی توجہ ہائبرڈ حکمت عملی پر مرکوز کر دی۔ اس کی وجہ واضح ہے کہ روایتی جنگ میں پاکستان کی جوہری طاقت ایک رکاوٹ ہے، اس لیے بھارت اب اندرونی محاذوں کو گرم کرنے پر تلا ہے۔

2025، مئی میں ہونے والے پاک بھارت تصادم نے صورتحال کو مزید کشیدہ کر دیا۔ بھارتی حملوں کا جواب دیتے ہوئے پاکستان نے بھی کارروائی کی، مگر اس تنازعے کے بعد بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کی لہر نے شدت اختیار کر لی۔ اقوام متحدہ کی رپورٹس کے مطابق، جنوری سے جون 2025 تک بی ایل اے اور تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) نے 502 حملے کیے، جن میں 284 جوان اور 267 شہری شہید ہوئے۔ مارچ 2025 میں جعفر ایکسپریس ٹرین ہائی جیکنگ میں 59 افراد جاں بحق ہوئے۔ حکام کا کہنا ہے کہ یہ حملے بھارتی انٹیلی جنس ایجنسیوں کی مدد سے ہوئے جو بلوچ علیحدگی پسندوں کو ہتھیار اور فنڈنگ فراہم کر رہی ہیں۔ بھارت کی "ڈیفنسو افنس" پالیسی، جو نیشنل سیکیورٹی ایڈوائزر اجیت ڈوول نے 2014 میں بیان کی تھی، اب عملی شکل اختیار کر چکی ہے۔ یہ حکمت عملی پاکستان کو دہشت گردی کی سرپرستی کا الزام دیتے ہوئے اسے اندر سے توڑنے کی کوشش ہے۔

مئی 2025 کے تنازعے کے بعد، بھارت نے نہ صرف ایل او سی پر ڈرون حملے بڑھائے بلکہ بلوچستان میں پراکسی گروہوں کو متحرک کیا۔ جولائی 2025 میں بلوچ لبریشن آرمی نے سی پیک پروجیکٹس پر حملے کیے، جن میں چینی انجینئرز ہلاک ہوئے، جو پاکستان کی معاشی ترقی کو نشانہ بنانے کی کوشش تھی۔ اس کے علاوہ، فتنۃ الخوارج نے خیبر پختونخوا میں خودکش حملے بڑھا دیے، جو افغان سرحد سے انفلٹریشن کی وجہ سے ممکن ہوئے۔ ان حالات کو مشرقی سرحد سے الگ نہیں کیا جا سکتا، کیونکہ بھارت کی ریشہ دوانی کا سلسلہ مسلسل جاری ہے۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر کا حالیہ بیان اسی تناظر میں ہے، جہاں انہوں نے بلوچستان کے نوجوانوں اور سول سوسائٹی کو کردار ادا کرنے کی دعوت دی ہے تاکہ سیاسی ایجنڈوں سے بالاتر ہو کر استحکام لایا جائے۔

ان خطرات کا مقابلہ کرنے کے لیے پاکستان کو ایک جامع حکمت عملی کی ضرورت ہے۔ سب سے پہلے، انٹیلی جنس ایجنسیوں کی کوآرڈینیشن بڑھانی ہوگی، جیسا کہ نیشنل کاؤنٹر ٹیررازم اتھارٹی کی بحالی سے ممکن ہے۔ جدید نگران ٹیکنالوجی، جیسے ڈرونز اور سائبر ڈیفنس کو تعینات کرنا ضروری ہے۔ معاشی طور پر بلوچستان کے وسائل کو مقامی آبادی تک پہنچانا ہوگا تاکہ عدم مساوات کم ہو اور علیحدگی پسندی کی جڑیں کمزور پڑیں۔ تعلیم اور صحت کی سہولیات بڑھانے سے نوجوانوں کو دہشت گردی کی طرف جانے سے روکا جا سکتا ہے۔ سفارتی سطح پر، پاکستان کو عالمی فورمز جیسے اقوام متحدہ اور شنگھائی کوآپریشن آرگنائزیشن (ایس سی او) میں بھارتی مداخلت کو بے نقاب کرنا ہوگا۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا خطاب ایک علامت ہے کہ پاکستان کی مسلح افواج نہ صرف سرحدوں کی حفاظت کر رہی ہیں بلکہ قوم کی فلاح و بہبود کو بھی اپنا فرض سمجھتی ہیں۔ یہ عزم کہ "بھرپور اور فیصلہ کن جواب دیا جائے گا"، پاکستان کو ایک سخت مگر منصفانہ ریاست بنانے کا اعلان ہے۔ بلوچستان کی ترقی، جسے فیلڈ مارشل نے "لوگوں کی حقیقی دولت" قرار دیا، پاکستان کی مجموعی سلامتی کی کنجی ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 7

Dated: 23 OCT 2025 Page No. 20

## بلوچستان پاکستان کا فخر ہے، جہاں کے عوام نہایت محب وطن، باصلاحیت ہیں

آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ بلوچستان میں دیرپا خوشحالی کے لیے سیاسی مفادات سے بالاتر ہوکر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے جنرل ہیڈکوارٹرز (جی ایچ کیو) میں 17 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکا سے ملاقات کی فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے شرکا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان پاکستان کا فخر ہے، جہاں کے عوام نہایت محب وطن، باصلاحیت اور باحوصلہ ہیں، جو درحقیقت صوبے کا اصل سرمایہ ہیں۔ انہوں نے وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے جاری ترقیاتی منصوبوں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ یہ اقدامات عوامی فلاح و بہبود کو مدنظر رکھتے ہوئے بلوچستان کے سماجی و معاشی ڈھانچے میں بہتری لانے کے لیے کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ بلوچستان کی بے پناہ معاشی صلاحیت کو صوبے کے عوام کی بہتری کے لیے بروئے کار لایا جائے۔ آرمی چیف نے سول سوسائٹی کے تعمیری کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں کو بااختیار بنانا اور ان کی رہنمائی کرنا پائیدار ترقی کے لیے نہایت ضروری ہے۔ آرمی چیف نے زور دیا کہ بلوچستان میں دیرپا خوشحالی کے لیے سیاسی مفادات سے بالاتر ہوکر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا کہ بھارت کی سرپرستی میں چلنے والی پراکسیز، فتنہ الہند اور فتنہ الخوارج صوبے میں عوام دشمن اور ترقی مخالف ایجنڈے کو فروغ دے رہی ہیں تاکہ تشدد کو ہوا دی جا سکے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ تمام ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں تاکہ ان دہشتگرد عناصر کا مکمل خاتمہ کیا جا سکے اور بلوچستان کو اس لعنت سے نجات دلائی جا سکے۔ آرمی چیف نے یہ عزم دہرانے کے ساتھ کہا کہ پاکستان خطے میں امن و استحکام کا خواہاں ہے، تاہم ملکی سرحدی سالمیت کی کسی بھی قسم کی خلاف ورزی پر براہ راست یا بالواسطہ کا بھرپور اور فیصلہ کن جواب دیا جائے گا تاکہ پاکستانی شہریوں کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔ بلوچستان میں دیرپا خوشحالی کے لیے سیاسی مفادات سے بالاتر ہوکر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا کہ بھارت کی سرپرستی میں چلنے والی پراکسیز،

فتنہ الہند اور فتنہ الخوارج صوبے میں عوام دشمن اور ترقی مخالف ایجنڈے کو فروغ دے رہی ہیں تاکہ تشدد کو ہوا دی جا سکے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 7

Dated: 23 OCT 2025 Page No. 21

# Spiral of violence

The recent spate of targeted attacks in Balochistan including the tragic killings of two police personnel in Nushki, the murder of National Party leader and MPA Rehmat Saleh Baloch's brother, Waleed Saleh Baloch, in Panjgur, and the targeting of Kharan city's Station House Officer, Muhammad Qasim Baloch paints a grim picture of a province spiralling into lawlessness. These back-to-back terrorist incidents are more than isolated crimes; they are stark evidence of a profoundly deteriorated law and order situation that is shaking the confidence of the populace and undermining the state's authority. The attacks on police and political figures represent a direct and audacious challenge to the machinery of the state. When security personnel, who are on the frontline of maintaining peace, and political leaders, who represent the democratic will of the people, can be targeted with such impunity. The repeated incidents across various districts from Nushki to Panjgur and Kharan indicate that the threat is not localized but endemic, suggesting a widespread presence and operational capability of armed groups. While the provincial government, under Chief Minister Mir Sarfraz Bugti, has condemned the acts and ordered inquiries, mere condemnations are insufficient. The time for rhetoric is over; the situation demands serious, decisive, and multifaceted action. The failure to protect and ensure the safety of the people is the most glaring indictment of the current provincial governance. The government's primary duty is the security of its citizens and their property, and in Balochistan, it has demonstrably fallen short. To reverse this dangerous trend, the provincial government must undertake a comprehensive security strategy, beyond routine law enforcement, is urgently needed. This must involve enhanced intelligence gathering, better coordination between police, the Levies Force, and other security agencies, and the provision of modern equipment and training to frontline personnel. The ongoing debate and protests regarding the merger of the Levies Force into the police, as seen in recent reports, also highlight the need for a unified and effective security structure. The government must move past the heavy-handed, coercive tactics of the past. Genuine political dialogue with disenchanted segments of the population and non-violent political actors is crucial to addressing the root causes of the insurgency including economic deprivation, underdevelopment, and lack of political autonomy. The security plan must prioritize the protection of key civilian and political infrastructure and, critically, ensure the safety of citizens traveling on highways and residing in remote areas. The continued bloodshed is pushing Balochistan towards a devastating cycle of violence and retribution. The provincial government and the federal authorities must immediately recognize the gravity of the situation.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 7

Dated: 23 OCT 2025 Page No. 22

# بلوچستان کا لسانی تنوع و تعلیم

تحریر: محمد فاروق، ڈویژنل انفارمیشن آفس بی

ہر انسان اپنی زندگی کا پہلا لفظ، پہلا جملہ اور پہلا احساس اپنی مادری زبان میں سیکھتا ہے۔ پیدائش کے بعد جب بچہ اپنی والدہ اور گھر والوں سے بات چیت شروع کرتا ہے تو جو زبان وہ ان سے سنتا اور بولتا ہے، وہی اس کی مادری زبان کہلاتی ہے۔ مادری زبان صرف اظہار کا ذریعہ نہیں بلکہ احساس، رشتہ، شناخت اور فہم و شعور کا دروازہ ہے۔ یہی زبان بچے کے ذہن، دل اور شخصیت کی بنیاد رکھتی ہے۔ چنانچہ تعلیم کی ابتدا اسی زبان میں ہونا بچے کی ذہنی و فکری نشوونما کے لیے نہایت ضروری ہے۔ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ہر بچہ ایک فطری حالت میں پیدا ہوتا ہے، اس کے والدین اور ماحول ہی اسے ایک خاص سمت دیتے ہیں۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ بچے کی پہلی تربیت، سیکھنے کا عمل اور سوچنے کا زاویہ اسی ماحول سے جڑا ہوتا ہے جس میں وہ پروان چڑھتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مادری زبان بچے کی ابتدائی تعلیم کا سب سے مؤثر وسیلہ بنتی ہے۔ مادری زبان میں تعلیم حاصل کرنے والا بچہ زیادہ سمجھ بوجھ کے ساتھ سیکھتا ہے، اس میں اعتماد بڑھتا ہے اور وہ اپنے خیالات کو زیادہ بہتر طور پر بیان کرنے کے قابل ہوتا ہے۔ دنیا کے ترقی یافتہ ممالک مثلاً جاپان، چین، جرمنی، فرانس اور کوریا نے اپنی ترقی کی بنیاد مادری زبانوں پر رکھی۔ ان ممالک میں ابتدائی سے اعلیٰ تعلیم تک اپنی زبانوں میں درس و تدریس کی روایت ہے، جس کے نتیجے میں وہ سائنسی، تحقیقی اور معاشی میدانوں میں آگے نکل گئے ہیں۔ بدقسمتی سے پاکستان میں یہ روایت کمزور ہے۔ یہاں اکثر تعلیمی نظام انگریزی یا اردو کے گرد گھومتا ہے، جو بیشتر طلبہ کے لیے مادری زبانیں نہیں۔ نتیجتاً فہم و ادراک کی کمی اور تعلیمی کارکردگی میں تفاوت پیدا ہوتی ہے۔ یہ صورت حال بلوچستان میں مزید نمایاں ہو جاتی ہے۔ بلوچستان پاکستان کا وہ خطہ ہے جہاں لسانی تنوع اپنی خوبصورتی کے ساتھ نمایاں ہے۔ یہاں بلوچی، پشتو، براہوی، ہزارگی، سندھی، سرائیکی، دری اور دیگر کئی زبانیں بولی جاتی ہیں۔ یہ لسانی تنوع دراصل بلوچستان کی ثقافتی رنگا رنگی اور فکری وسعت کی علامت ہے۔ تاہم یہی تنوع تعلیمی نظام میں چیلنج بھی پیدا کرتا ہے، کیونکہ ایک ہی نصاب یا زبان میں تعلیم تمام بچوں کے لیے یکساں مؤثر نہیں رہتی۔ بلوچستان میں مادری زبان میں تعلیم ممکن بنانے کے لیے چند عملی اقدامات ناگزیر ہیں۔ سب سے پہلے ابتدائی سطح پر علاقائی زبانوں میں نصاب تیار کیا جانا چاہیے تاکہ بچے اپنی زبان میں بنیادی تعلیم حاصل کر سکیں۔ ہر ضلع یا علاقے میں وہی زبان ذریعہ تعلیم بنے جو وہاں اکثریتی طور پر بولی جاتی ہے، جیسے مکران میں بلوچی، قلات اور خضدار میں براہوی، کوئٹہ اور پشین میں پشتو، اور ہزارہ ٹاؤن میں ہزارگی زبان۔ دوسرا قدم یہ ہونا چاہیے کہ اساتذہ کی تربیت مادری زبانوں میں تدریس کے لیے کی جائے۔ جب اساتذہ خود ان زبانوں میں تعلیم دینے کے اہل ہوں گے تو سیکھنے کا عمل فطری اور دلچسپ ہو جائے گا۔ تیسرا اور سب سے اہم قدم یہ ہے کہ اردو اور انگریزی کو ثانوی حیثیت دی جائے، تاکہ طلبہ بین الاقوامی سطح پر بھی آگے بڑھ سکیں، مگر ان کی بنیادی تعلیم ہمیشہ ان کی مادری زبانوں میں ہو۔ اس طرح ایک ایسا متوازن تعلیمی نظام وجود میں آ سکتا ہے جو مقامی شناخت کو بھی محفوظ رکھے اور قومی و عالمی تقاضوں کو بھی پورا کرے۔ بلوچستان میں مادری زبانوں کو ذریعہ تعلیم بنانا صرف ایک تعلیمی منصوبہ نہیں بلکہ ثقافتی بقا، فکری خودمختاری اور سماجی ہم آہنگی کا ذریعہ ہے۔ جب ایک بچہ اپنی زبان میں تعلیم حاصل کرتا ہے تو وہ اپنی جڑوں، تاریخ اور معاشرت سے جڑا رہتا ہے۔ یہی تعلق اسے خود اعتمادی دیتا ہے اور قومی ترقی میں فعال کردار ادا کرنے کے قابل بناتا ہے۔ مادری زبان کسی قوم کی روح ہوتی ہے۔ بلوچستان جیسے خطے میں جہاں زبانوں کا گلدستہ موجود ہے، وہاں ہر زبان کو عزت، مقام اور نصابی حیثیت دینا ناگزیر ہے۔ جب ہم تعلیم کو بچوں کی اپنی زبان سے جوڑیں گے تو نہ صرف ان کی ذہنی اور علمی استعداد بڑھے گی بلکہ بلوچستان کی تہذیبی اور قومی یکجہتی بھی مضبوط ہوگی۔ یہی راستہ پاکستان کے ایک مضبوط، باشعور اور ہم آہنگ معاشرے کی تشکیل کا ضامن بن سکتا ہے۔

CamScanner